سیاہ اور سُفید

ایک مزدُور بہت غریب تھا ۔ بے چارہ کوئلے کی کان میں کام کرتا تھا ۔ اِس کی تنخواہ بہت کم تھی ۔ یہاں تک کہ جِس مکان میں وہ رہتا تھا اُس کا کرایہ بھی مُشکِل سے ادا کر سکتا تھا۔



مزدور نے سوچا ”اگر ایک آدمی اور میرے ساتھ
رہنے لگے تو کرایہ آدھا ہو جائے گا“

مزدُور کا ایک دوست دھوبی تھا۔ اُس نے دھوبی سے کہا: "بھائی، میرے مکان میں آ جاؤ۔ ہم دونوں مِل کر رہا کریں گے۔ آدھا کرایہ میں دیا کرُوں گا، آدھا تُم دے دِیا کرنا۔ اِس طرح ہم دونوں کو آسانی رہا کرے گی۔"

دھوبی نے جواب دیا۔ "دوست تمُھارا خیال تو ٹھیک ہے۔ مُجھے بھی آج کل زیادہ کرایہ دینا پڑتا ہے۔ اِسی لیے کِسی چھوٹے مکان کی تلاش میں ہُوں۔ میں تمُھارے مکان میں خُوشی سے آ جاتا۔ مگر سچ پُوچھو تو میرا تمُھارا گزُارہ مُشکِل ہے۔

مزدُور نے پُوچھا "کیوں بھائی، گزُارہ کیوں مُشکِل ہے؟ ہم تُم دونوں دوست ہیں۔ آپس میں مِل کر اچھّی طرح رہ سکتے ہیں۔"

دھوبی بولا۔ "بھائی، مُجھے کِسی لڑائی جھگڑے کا خیال نہیں ہے۔ بلکہ میرا کام ہی ایسا ہے جس کی وجہ سے میں تمُھارے ساتھ نہیں رہ سکتا۔ مَیں کپڑوں کو صاف کرتا ہُوں اور تُم اُن کو کالا کرتے ہو۔ بھلا بتاؤ، ہم ایک جگہ کیسے رہ سکتے ہیں؟"